ilmkidunya

Urdu - 10th Class Urdu Chapter 6 Preparation

Q1. ڈاکٹر وحید قریشی کیسے نقاد تھے.

Ans 1: آپ اردو اور فارسی زبان و ادب کے اہم محقق اور نقاد تھے.

Q2. عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے

Ans 1: عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور عینی زندگی سے بڑ گہرا تعلق ہے یہ ہماری تہذیبی اور دینی زندگی کی عکاس ہے یہ اسلامی تہذیب وتمدن معاشرت اور رسم رواج سے واقفیت دلاتی ہے

Q3. سبق اردو ادب میں عیدالفطر کس تصیف سے لیا گیا ہے.

Ans 1: یہ تصنیف اردو نثر کے میلانات سے لیا گیا ہے

Q4. عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے

Ans 1: عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے بہت گہرا تعلق ہے اردو کی شاعری میں عید عید کا چاند ہلال وابرمحبوب سے رعز عید ملاقاتیں اور اس سے متعلقات بہت اہم ہیں

Q5. افسانہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: افسانہ اس فرضی کہانی کو کہتے ہیں جو مختصر، دل چسپ اور واقعاتی لحاظ سے زندگی کے کسی پہلو پر روشنی ڈالے- اس کے کردار فرضی ہوتے ہیں لیکن حقیقی نظر ہیں. آس کی طوالت اتنی ہوتی ہے کہ ایک نشست میں پڑھا جاسکتا ہے- وحدت تاثر اس کی بڑی خوبی ہوتی ہے.

Q6. عید الفطر کے موقع پر شہزادوں اور شہزادیوں کاذکر کرئے خواجہ حسن نظامی نے کیا شکایت تھی

Ans 1: خواجہ حسن نظامی نے ولی کی بربادی کے جونوحے لکھے ہیں ان میں دولت و عزت سے محروم ہونے والے شہزادوں اور شہزادیوں کی کس مپرسی میں میں عید بسر کرنے کی شکایت کی ہے

Q7. اس سبق کی روشنی میں اردو شعرا نے عیدالفطر کے جن متعدد پہلووں پر اظہار خیال کیا ہے ان میں سے تین پہلوؤں کے نام لکھیں

Ans 1: اول: عید کے چاند کو مناظر کے حوالے سے بیان کرنے کا رحجان دوم: عید کو داخلی مسرت اور خارجی حالات سے منسلک کرنے کا رویہ سوم: ہلال عید کو ملی عزائم کی علامت ملت کے عروج وزال کی علامت اور تہذیبی وتمدنی زندگی کی اسس کے طور پر قبول کرنے رحجان

Q8. مہ صیام گیا اور روز عید آیا یہ اردو کے کس معروف شاعر کا مصرعہ ہے.

Ans 1: یہ الطاف حسین حالی کا مصرعہ ہے.

Q9. کون سی چیز علامہ اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے

Ans 1: یاد طفلی علامہ اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے

Q10. مصنف نے عید کا تعلق تہوار کے علاوہ کس سے جوڑا ہے.

Ans 1: مصنف کے نزدیک عیدالفطر مسلمانوں کی فکری زندگی کے خط و خآل اور اسلامی اقدار و روایات کی پاس داری کا عمل ہے.